کیمسٹری	نہم گوجرانوالہ بورڈ 2016ء	پرچہ - I
وقت: 15 منٹ	(معروضی طرز)	کل نمبر: 12

(پہلا گروپ)

نوٹ: ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

1.1 میٹلز کون سے آئن والا چارج بناتے ہیں؟
(A) یونی پوزیٹو (B) ڈائی پوزیٹو
(C) ٹرائی پوزیٹو (D) یہ تمام

2 $K_2Cr_2O_7$ میں کرومیم کا آکسیڈیشن نمبر ہے۔
(A) +2 (B) +7
(C) +14 (D) +6

3 مائعات، گیسز سے کتنے گنا زیادہ بھاری ہوتے ہیں؟
(A) 100 گنا (B) 1,000 گنا
(C) 10,000 گنا (D) 10 گنا

www.ilmkidunya.com

4 ایٹمز ایک دوسرے کے ساتھ ری ایکٹ کرتے ہیں کیونکہ
(A) یہ ایک دوسرے کو اٹریکٹ کرتے ہیں
(B) ان میں الیکٹرونز کی کمی پائی جاتی ہے
(C) وہ مستحکم ہونا چاہتے ہیں (D) وہ بکھرنا چاہتے ہیں

5 مینڈلیف کے پیریاڈک ٹیبل کی بنیاد تھی۔
(A) الیکٹرونک کنفگریشن (B) اٹامک ماس
(C) اٹامک نمبر (D) سب شیل کا مکمل ہونا

6 انڈسٹریل کیمسٹری کا تعلق کمپاؤنڈز کی ایسی تیاری سے ہے جو..........
(A) لیبارٹری میں ہو (B) مائیکرو سکیل پر ہو
(C) تجارتی پیمانے پر ہو (D) معاشیاتی پیمانے پر ہو

7 H_2SO_4 کا مولر ماس ہے۔
(A) 98 gm (B) 98 amu
(C) 9.8 gm (D) 9.8 amu

8 جب یورینیم-235 ٹوٹتا ہے تو اس سے پیدا ہوتے ہیں۔
(A) الیکٹرونز (B) نیوٹرونز
(C) پروٹونز (D) کچھ بھی نہیں

9 جدید پیریاڈک ٹیبل میں .... پیریڈز ہیں۔
(A) 3 (B) 5
(C) 7 (D) 9

10 کوویلنٹ مالیکیولز میں موجود بانڈ پیئر عموماً رکھتا ہے۔
(A) ایک الیکٹرون (B) تین الیکٹرونز
(C) چار الیکٹرونز (D) دو الیکٹرونز

11 ان میں سے کون سا سلیوشن "ٹھوس میں مائع" ہے؟
(A) پانی میں شوگر (B) مکھن
(C) نمک پانی میں (D) دھواں

12 آزاد حالت میں تمام ایلیمنٹس کا آکسیڈیشن نمبر ہوتا ہے۔
(A) 0 (B) 1
(C) 2 (D) 3

کیمسٹری	نہم گوجرانوالہ بورڈ 2016ء	پرچہ - I
وقت: 1:45 گھنٹے	(انشائیہ طرز)	کل نمبر: 48

(پہلا گروپ)

نوٹ: حصہ اول لازمی ہے۔ حصہ دوم میں کوئی سے دو (2) سوالات کے جوابات لکھیے۔

(حصہ اول)

2. کوئی سے پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات لکھیے: (2×5=10)

i۔ مالیکیولر ماس کیا ہوتا ہے؟ ایک مثال دیجیے۔
ii۔ کیٹائن اور اینائن میں کیا فرق ہے؟
iii۔ آئسوٹوپ کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔
iv۔ آئسوٹوپ کے ریڈیو تھراپی میں استعمالات لکھیے۔
v۔ 11 الیکٹرونز رکھنے والے ایلیمنٹ کی الیکٹرانک کنفگریشن لکھیے۔
vi۔ ایلیمنٹ کی دوسری آئیونائزیشن انرجی پہلی آئیونائزیشن انرجی سے زیادہ کیوں ہوتی ہے؟
vii۔ مینڈلیف اور ماڈرن پیریاڈک لاء میں کیا فرق ہے؟
viii۔ الیکٹرونیگیٹویٹی کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔

3. کوئی پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (2×5=10)

i۔ نوبل گیسز کیوں ری ایکٹو نہیں ہوتیں؟
ii۔ میٹلک بانڈ کی تعریف کیجیے۔
iii۔ دھاتوں کی کوئی سی دو خصوصیات تحریر کیجیے۔
iv۔ برف پانی پر کیوں تیرتی ہے؟
v۔ پریشر کی تعریف کیجیے نیز اس کا SI یونٹ لکھیے۔
vi۔ چارلس کے قانون کی تعریف کیجیے اس کی مساوات بھی تحریر کیجیے۔
vii۔ ڈائنامک ایکوی لبریم کی تعریف کیجیے۔
viii۔ ایمورفس ٹھوس کی تعریف ایک مثال کے ساتھ کیجیے۔

4. کوئی پانچ (5) سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: (2×5=10)

i۔ مولیریٹی کی تعریف کیجیے۔ نیز اس کا فارمولا لکھیے۔
ii۔ پانی میں حل ہونے والے دو آئیونک کمپاؤنڈز کے فارمولے لکھیے۔
iii۔ ریڈیوسنگ ایجنٹ کیا ہوتا ہے؟ ایک مثال دیجیے۔
iv۔ الیکٹروپلیٹنگ کی تعریف کیجیے۔ یہ کیوں استعمال کی جاتی ہے؟
v۔ طاقتور الیکٹرولائٹس کمپاؤنڈز کے دو فارمولے لکھیے۔
vi۔ -30°C کو کیلون سکیل میں تبدیل کیجیے۔
vii۔ ٹرانزیشن ٹمپریچر کی تعریف کیجیے اور ایک مثال دیجیے۔
viii۔ انٹر مالیکیولر فورسز مائع کے بوائلنگ پوائنٹس کو کس طرح متاثر کرتی ہیں؟

(حصہ دوم)

(ہر جزو 'الف' کے 5 اور ہر جزو 'ب' کے 4 نمبر ہیں)

5. (الف) کیمیائی فارمولا لکھنے کے پانچ مراحل بیان کیجیے۔
(ب) آئسوٹوپس کے چار استعمالات تحریر کیجیے۔

6. (الف) کوویلنٹ بانڈ کی تعریف کیجیے۔ سنگل ڈبل اور ٹرپل کوویلنٹ بانڈز کو مثالوں کی مدد سے واضح کیجیے۔
(ب) آئیونک کمپاؤنڈز کی چار خصوصیات بیان کیجیے۔

7. (الف) کولائیڈ کی تعریف کیجیے۔ اس کی چار خصوصیات تحریر کیجیے۔
(ب) لوہے کو زنگ لگنے کے عمل کی وضاحت کیجیے۔